سوال

(526)خاوند کا بیوی کوکہنا :"ہمارا معاہدہ ختم ہوگیا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک سائلہ کہتی ہے اگر خاوند بیوی سے کہے ہمارے درمیان جو عہد تھا وہ ختم ہوگیا ۔کیا اس سے طلاق واقع ہوجائے گی ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر اس نے ان الفاظ سے طلاق کی نیت کی ہے تو طلاق واقع ہوجائے گی اور اگر اس نے طلاق کا ارادہ نہیں کیا تو طلاق واقع نہیں ہوگی کیونکہ یہ الفاظ کنائی الفاظ سے ہیں ان الفاظ کے بولنے والے کی نیت کا معلوم ہونا ضروری ہے ۔ (محمد بن عبدالمقصود)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

عورتوں کےلیے صرف

صفحہ نمبر472

محدث فتویٰ